# ماتمي نوحه

پکاري زينب مُضطر　　ميرے حسين آؤ

کهاں هو ميرے برادر　　ميرے حسين آؤ

نه دوپهر ميں کهيں آئي هے فضا ايسي

نه آئي شام کوئي شام کربلا جيسي

لٹا نه ايسا بهرا گهر ميرے حسين آؤ

بکهر گئے سر ميدان قرآن کے پارے

بهن کے سامنے بهائي جو تم گئے مارے

اب آئے صبر تو کيونکر ميرے حسين آؤ

ميں جانتي هوں کهٹن هے ميرا سفر بهائي

وه شام و کوفه کي گلياں هيں ره گذر بهائي

نه هوگا مقنع نه چادر ميرے حسين آؤ

پرائے ديس ميں زينب تو هو گئي تنها

نه سر پر بهائي کا سايا نه ساته بچوں کا

کهاں گئے ميرے دلبر ميرے حسين آؤ

یھي امید کہ خیمے میں پاني پھنچادوں
بچالوں مشک اگر بازو دونوں کٹوادوں
نہ دیکھا ایسا دلاور میرے حسین اٰؤ

جواں بیٹا پکارے ضعیف بابا کو
لگي ھے سینے میں برچھي اے بابا جاں اٰؤ
ھے دم کا مھماں یر اکبر میرے حسین اٰؤ

اٹھا کے ھاتھوں پہ شبیر نے دکھایا ھے
طلب پہ اٰب کے بدلے میں تیر کھایا ھے
نہ اٰیا لوٹ کے اصغر میرے حسین اٰؤ

گذرتا ھے غم شبیر میں ھي ھر اك دن
ھو غم کي رات یا کوئي خوشي کا اٰئے دن
برھان دین کے لب پر میرے حسین اٰؤ

نھیں ھے کوئي دعاء اور اس دعاء کے بعد
برھان دین رھیں شاد اور سدا اٰباد
ھمیشہ شہ کي مدد پر میرے حسین اٰؤ

عبد سیدنا طع
عابد حمزہ رشیق